بینک دولت پاکستان

شعبہ مالیات

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 09 برائے 2018ء　　　　　　　　　　17 اکتوبر 2018ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام بینک / خرد مالکاری بینک

<u>فراہمی کے متبادل ذرائع سے حکومتی ٹیکسوں کی آن لائن وصولی</u>

محترم / محترمہ

براہِ کرم مندرجہ بالا موضوع پر سرکلر نمبر 05 شعبہ مالیات بتاریخ 06 اکتوبر 2017ء، سرکلر لیٹر نمبر 03 بتاریخ 4 مئی 2018ء اور سرکلر لیٹر نمبر 05 بتاریخ 17 جولائی 2017ء ملاحظہ کیجیے۔

جیسا کہ آپ بخوبی آگاہ ہیں 'حکومتی ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی آن لائن وصولی' کے منصوبے کا باضابطہ آغاز 20 مارچ 2018ء کو کیا گیا تھا تاکہ ٹیکس دہندگان ایف بی آر کے ٹیکس اور ڈیوٹیاں اپنے انٹرنیٹ بینکاری کھاتوں اور اے ٹی ایم کے ذریعے ادا کرنے کے قابل ہو سکیں۔ اس کے بعد اسٹیٹ بینک نے ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 05 بتاریخ 17 جولائی 2018ء کے ذریعے بینکوں کو ہدایت دی کہ وہ اپنی اوور دی کاؤنٹر (او ٹی سی) سہولت فعال کریں تاکہ بینک کے صارفین خاص طور پر کارپوریٹ اور ایس ایم ای صارفین اپنے ٹیکس ادا کر سکیں۔

اگرچہ بیشتر بینکوں نے ایف بی آر ٹیکس جمع کرنے کے لیے اوور دی کاؤنٹر اور فراہمی کے متبادل ذرائع (اے ڈی سی) کی سہولتوں کو فعال کر دیا ہے تاہم، کچھ بینک / مائیکروفنانس بینک ابھی تک ان سہولتوں کو فعال بنانے کے عمل سے گذر رہے ہیں۔ مزید برآں، بینکوں کے بیشتر صارفین ابھی تک ان سہولتوں سے بے خبر ہیں اور روایتی نظام کے تحت نیشنل بینک اور ایس بی پی بی ایس سی کی شاخوں پر ٹیکسوں کی ادائیگی کر رہے ہیں۔ وہ بینک جنہوں نے اب تک اوور دی کاؤنٹر اور آن لائن ٹیکس ادائیگی کی سہولتوں کو فعال نہیں کیا ہے، انہیں اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ یہ سہولتیں 31 اکتوبر 2018ء تک فعال ہو جائیں۔ بینکوں کو اپنے کھاتے داروں / صارفین میں ادائیگی کی اس سہولت کے بارے میں آگاہی بھی پیدا کرنا ہوگی جیسے :i) 30 جون 2019ء تک ماہانہ بنیادوں پر اپنے صارفین کو ایس ایم ایس بھیج کر، اور ii) اپنی ویب سائٹ اور اے ٹی ایم اسکرین پر آگاہی کے پیغامات آویزاں کر کے۔

مزید برآں، بینکوں کا شعبہ عملدرآمد اپنے متعلقہ بینک میں 30 جون 2019ء تک بینک ادائیگی کے متبادل ذرائع اور او ٹی سی سہولت کی دستیابی، صارفین کو بھیجے گئے ایس ایم ایس اور ویب سائٹ اور اے ٹی ایم اسکرین پر آگاہی کے پیغامات کی ماہانہ صورت حال (منسلک فارمیٹ میں) جمع کرائیں گے۔

براہِ مہربانی وصولی سے مطلع فرمائیے۔

منسلکات: ماہانہ پروفارما

آپ کا مخلص

(محمد علی)

سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر